تاریخ: ____________________

کیس نمبر: ____________________

کلائنٹ کا نام: ____________________

کلائنٹ کا شناختی نمبر (Client Identification Number, CIN): ____________________

# منحصرین کے بغیر کے اہل جسموں والے بالغ افراد (ABLE BODIED ADULTS WITHOUT DEPENDENTS, ABAWD) کے عملی تقاضوں کا قابل شمار مہینہ (Urdu)

یہ خط آپ کو یہ بتانے کے لیے ہے کہ ____________________ کی نشاندہی منحصرین کے بغیر کے اہل جسموں والے بالغ افراد (able bodied adults without dependents, ABAWD) کے بطور ہوئی ہے۔ ہمارے ریکارڈ دکھاتے ہیں کہ انہیں مراعات کا ایک پورا قابل شمار مہینہ موصول ہوا ہے۔ تاہم انہوں نے ____________________ کے لیے ABAWD کے عملی تقاضوں
(ماہ/سال)
کو پورا نہیں کیا۔ آپ کی مراعات اس نوٹس کی وجہ سے تبدیل نہیں ہو رہی ہیں۔

(Supplemental Nutrition Assistance Program, SNAP) موصول کرنے کے لیے ABAWD پر مخصوص عملی تقاضے پورا کرنا لازم ہے۔ افراد کو 36 ماہ کی مدت میں ان عملی تقاضوں کو پورا کیے بغیر تین ماہ سے زائد تک SNAP موصول نہیں ہو سکتا۔ یہ آپ کا __________ قابل شمار مہینہ ہے۔

آپ کے تیسرے قابل شمار مہینے کے بعد، SNAP کی آپ کی مراعات رک جائیں گی الّا یہ کہ آپ تقاضے پورا کرنا شروع کریں یا مستثنی ہو جائیں۔ ہم آپ کی مراعات روکنے سے پہلے آپ کو ایک علیحدہ نوٹس بھیجیں گے۔

**SNAP کی اپنی مراعات کیسے برقرار رکھیں:**

آپ SNAP کی اپنی مراعات برقرار رکھ سکتے اور قابل شمار مہینے استعمال کرنے سے بچ سکتے ہیں، اگر آپ عملی تقاضے پورا کرتے ہیں۔ آپ اوسط فی ہفتہ کم از کم 20 گھنٹے یا فی مہینہ 80 گھنٹے تک، اس بات کا ثبوت دکھا کر عملی تقاضے پورا کر سکتے ہیں کہ آپ:

- کام کر رہے ہیں (جس میں کام "ہمدردانہ کام" اور رضاکارانہ کام شامل ہیں)،
- HRA کے ذریعہ منظور کردہ کسی اہلیتی کام/ ٹریننگ پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں،
- محکمہ محنت (Department of Labor) یا سابق فوجیوں کے امور کے محکمہ (Department of Veterans Affairs) کے ذریعہ سابق فوجیوں کے لیے چلائے جانے والے کسی ملازمت اور ٹریننگ پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں،
- افرادی قوت سے متعلق اختراع اور مواقع سے متعلق ایکٹ (Workforce Innovation and Opportunity Act)یا تجارت ایکٹ (Trade Act)کے تحت کسی پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں جس میں نوکری کی تلاش، نوکری کے لیے آمادگی، مشغلہ جاتی مہارتوں کی تربیت، اور تعلیمی سرگرمیاں شامل ہو سکتی ہیں، **یا**
- HRA سے منظور شدہ عملی تجربے کی سرگرمی میں شرکت کر رہے ہیں یا کمیونٹی سروس کی سرگرمی میں رضاکارانہ طور پر ماہانہ اتنے گھنٹوں کے برابر کام کر رہے ہیں ریاستی اقل اجرت تقسیم کردہ گھرانے کی SNAPکی مراعات کے برابر ہے۔ ہم آپ کو یہ موقع پیش کرتے ہوئے ایک علیحدہ خط بھیجیں گے۔

**اگر آپ کے خیال سے آپ ABAWD نہیں ہیں یا آپ کے پاس اس مہینے کی تعمیل کرنے کا اہل نہیں ہو پانے کی معقول وجہ ہے اس بارے میں معلومات کے لیے درج ذیل صفحات دیکھیں۔**

**(صفحہ پلٹیں)**

## منحصرین کے بغیر کے اہل جسموں والے بالغ افراد (ABAWD) کے عملی تقاضوں کا قابل شمار مہینہ *(جاری)*

### مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ آیا میں ABAWD ہوں؟

جس شخص کی عمر 18 اور 64 برس کے درمیان ہے، SNAP والے گھرانے میں 14 سال سے کم عمر کے کسی بچے کے ساتھ نہیں رہتا ہے، اور اسے جسمانی اور ذہنی طور پر کام کرنے کے قابل سمجھا جاتا ہے اسے لازمی طور پر ABAWDs کے اصولوں کی تعمیل کرنی چاہیے۔ اگر وہ شخص ان ضابطوں کی تعمیل نہیں کرتا ہے تو وہ SNAP کے تحت ملنے والی مراعات 3 سال پر محیط ایک مدت میں صرف 3 ماہ موصول کرے گا۔

آپ ABAWD کے اصولوں سے مستثنی ہو سکتے ہیں اگر درج ذیل میں سے کوئی آپ پر لاگو ہوتا ہے:

- 18 سال سے کم عمر کے یا 65 سال یا اس سے زائد عمر کے ہیں،
- جسمانی یا ذہنی صحت کی کیفیت وجہ سے ہر ماہ کم از کم 80 گھنٹے کام کرنے سے قاصر ہیں،
- SNAP کے گھرانے کا وہ رکن جس کے ساتھ 14 سال سے کم عمر کا کوئی فرد ہو،
- حاملہ ہیں،
- کسی عوامی یا نجی ذریعہ سے معذوری کی مراعات کے وصول کنندہ ہیں، جیسے کہ سابق فوجیوں کے امور یا نیو یارک ریاست کی معذوری کی مراعات،
- ایسا انڈین، اربن انڈین، کیلیفورنیا انڈین، اور/یا دیگر انڈین جو انڈین ہیلتھ سروسز کے اہل ہوں، یا
- عمومی عملی تقاضوں سے مستثنی اس وجہ سے کہ:
  - آپ کی عمر 16 سال سے کم ہے، یا 65 سال یا اس سے زیادہ ہے،
  - آپ 16 یا 17 سال کے ہیں اور گھرانے کے سربراہ نہیں ہیں، یا آپ کم از کم نصف وقتی اسکول یا کسی ملازمت کے پروگرام میں ہیں،
  - آپ فیملی اسسٹنس پروگرام (Family Assistance Program) کے لیے عملی تقاضوں کی پابندی کرتے ہیں،
  - آپ 6 سال سے کم عمر بچے یا لاچار شخص کی دیکھ بھال کے ذمہ دار ہیں،
  - آپ باقاعدگی کے ساتھ الکحل یا منشیات کے علاج کے پروگرام میں شرکت کرتے ہیں،
  - آپ بے روزگاری کی مراعات درخواست دے رہے ہیں یا موصول کر رہے ہیں،
  - آپ کسی ذہنی یا جسمانی صحت کی وجہ کی بنا پر کام کرنے کے قابل نہیں ہیں،
  - آپ پہلے ہی ایک ہفتے میں کم از کم 30 گھنٹے کام کرتے ہیں،
  - آپ ہفتے میں $217.50 (وفاقی اقل اجرت کے 30 گنا) یا اس سے زیادہ کما رہے ہیں،
  - آپ کسی اسکول، تربیتی پروگرام یا کالج میں کم از کم نصف وقتی داخل ہیں (طلبہ دیگر اہلیت کے اصولوں کے تابع ہو سکتے ہیں)، **یا**
  - آپ SSI کے درخواست دہندہ یا وصول کنندہ ہیں۔

اگر آپ کو یقین ہو کہ آپ کو ABAWD کے اصولوں سے اس لیے مستثنی کر دیا جانا چاہیے کہ آپ مذکورہ بالا ایک یا زیادہ شرائط پوری کرتے ہیں تو آپ کو ہمیں بتانے کے لیے 718-SNAP-NOW (718-762-7669) پر کال کرنی چاہیے۔ ہم آپ سے ثبوت فراہم کرنے کو کہہ سکتے ہیں۔

**(صفحہ پلٹیں)**

## منحصرین کے بغیر کے اہل جسموں والے بالغ افراد (ABAWD) کے عملی تقاضوں کا قابل شمار مہینہ *(جاری)*

**اگر میں ABAWD کے تقاضے پورا کر رہا ہوں، یا اگر میں عام طور پر انہیں پورا کرتا ہوں لیکن بعض اوقات کوئی بات آ جاتی ہے اور میں اس مہینے پورا نہیں کر سکا تو کیا ہوگا؟**

آپ کو HRA کو بتانا ہوتا ہے، اور آپ کو ہمیں ثبوت دینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ ثبوت موجودہ ادائیگی کی پرچیاں، آپ کے ڈاکٹر کی جانب سے خط، جس جگہ آپ رضاکارانہ کام کر رہے ہیں وہاں کے کوآرڈینیٹر کی جانب سے خط، وغیرہ ہو سکتا ہے۔ ہمیں بتانے کے لیے آپ (718-762-7669) 718-SNAP-NOW پر کال کر سکتے ہیں۔

**کیا آپ کو طبی یا ذہنی صحت کی کوئی کیفیت یا معذوری لاحق ہے؟** کیا یہ کیفیت آپ کے لیے اس نوٹس کو سمجھنا یا اس نوٹس میں جو کچھ کرنے کو کہا جا رہا ہے اس پر عمل کرنا مشکل بناتی ہے؟ کیا یہ کیفیت آپ کے لیے HRA میں دیگر خدمات حاصل کرنا مشکل بناتی ہے؟ **ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔** ہمیں 718-557-1399 پر کال کریں۔ آپ HRA دفتر جا کر بھی مدد کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کو قانون کے تحت اس قسم کی مدد حاصل کرنے کا حق ہے۔